YOUTH
PARLIAMENT
PAKISTAN

# چھٹی یوتھ پارلیمنٹ پاکستان

جمعہ 23 جنوری 2015ء کو صبح 9 بجے یوتھ پارلیمنٹ کے ہونے والے اجلاس کے لیے آرڈرز آف دی ڈے۔

1۔ تلاوت قرآن پاک

قراردادیں

2۔ جناب نوید الرحمٰن انور (وائی پی 18 کے پی 06)

جناب احتشام الحق (وائی پی 15۔ کے پی 03) اور

جناب ابراہیم خان (وائی پی 17۔ کے پی 05) درج ذیل قرارداد لائیں گے

ایوان کی رائے ہے کہ موجودہ حالات کے باعث اسلام کی حقیقی تصویر کی غلط تشریح کی جارہی ہے اور مباحثوں میں سچے علماء کرام اور اداروں کی تذلیل کی جارہی ہے انہیں ایسے لوگوں سے منسوب کیا جارہا ہے جو کہ شدت پسندی کے لیے اسلام کا نام استعمال کررہے ہیں۔ اس ایوان کو غلط اور درست کے مابین تفریق کا تعین کرنے کی ضرورت ہے۔

3۔ جناب احتشام الحق (وائی پی 15۔ کے پی 03)

محترمہ انعم طارق خان (وائی پی 27۔ پنجاب 08)

جناب حسن مسعود (وائی پی 31۔ پنجاب 12) اور

جناب نوید الرحمٰن انور (وائی پی 18۔ کے پی 06) درج ذیل قرارداد پیش کریں گے۔

یہ ایوان اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان کو ملک بھر مختلف تمام سرکاری اور نیم سرکاری یونیورسیٹوں میں معیاری کو یقینی بنانا چاہیے اور اس کے لیے جدید ترین ٹیکنالوجی جیکل لیبارٹریز۔ اپ ٹو ڈیٹ سلیبس بنیادی ضروریات اور فیکلٹی فراہم کی جائیں۔ جس کے لیے مرکزی ریگولیشن بورڈ کی تشکیل کی جانی چاہیے۔ کیونکہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے تمام شہریوں کو معیاری تعلیم کا مساوی حق حاصل ہے۔

4۔ جناب عصمت اللہ عاصمی (وائی پی 04۔ بلوچستان 02)

جناب جہانزیب بلوچ (وائی پی 05۔ بلوچستان 03)

جناب ارشاد احمد (وائی پی 53۔ سندھ 06) اور

جناب عجب خان (وائی پی 03۔ بلوچستان 01) درج ذیل

اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت پاکستان کو پاکستان میں ساتھ مردم شماری کروانی چاہیے تاکہ ریاست آئندہ پیش آنے والے مسائل بشمول انتخابی اصلاحات اور تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کے مسائل سے نمٹنے کے لیے بہتر تیاری کر سکے۔

5۔ جناب محمد شہزاد الٰہی (وائی پی 56۔ سندھ 09) اور

جناب دریاخان پہوڑ (وائی پی 51۔ سندھ 04) درج ذیل قرارداد پیش کریں گے۔

اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت اس بات کو یقینی بنائے کہ ہر سیاسی جماعت اپنی جماعت میں شفاف اندرونی انتخابات منعقد کروائے تاکہ جمہوری اقدار کی ترقی کے لیے اس ادارہ کو مضبوط بنایا جا سکے۔

## پالیسی بیان

6۔ جناب سید محمد عبداللہ (وائی پی 07۔ فاٹا 01) اور

جناب ذیشان احمد (وائی پی 08۔ فاٹا 02)

فاٹا میں اصلاحات بارے پالیسی رپورٹ پیش کریں گے۔